aglasem.com

FOR PUNJAB CLASS 8 PREPARATION

PSEB 8th Sample Paper 2027 URDU Elective

EXAM	YEAR	TYPE	SUBJECT
Punjab Class 8	2027	Sample Paper	Urdu

Class VIII

Model Question Paper

Urdu Elective 2026-27

پرچہ :اردواختیاری

جماعت : آٹھویں

کل نمبر:80 وقت: 3 گھنٹے

I۔ دیے گئے سوالات میں سے کسی پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔ (5x3=15)

1۔ چوٹ لگنے پر راجا نے سپاہیوں کو کیا حکم دیا؟

2۔ بگلا گینڈے کا دوست کیوں ہے؟

3۔ نمائش میں عارفہ نے کیا کیا خریدا؟

4۔ فوجی کیوں رو رہا تھا؟

5۔ عید کے دن ماں کی آنکھوں میں آنسو کیوں آ گئے؟

6۔ گائے نے انسان کی کن برائیوں کا ذکر کیا ہے؟

7۔ "چالاک گلہری" سبق میں کن کن میووں کا ذکر آیا ہے؟

II۔ مناسب الفاظ سے خالی جگہ پُر کریں۔ (5)

1۔ امی! یہ جو.....پہ بکھرے ہیں تارے۔ (آسمان/آکاش)

2۔ یہ شوخ .....سے مجھے تاک رہے ہیں۔ (نگاہوں/آنکھوں)

3۔ آجاؤ دکھائیں تمہیں.....کے نظارے۔ (جنت/دنیا)

4۔ ..... بھی اگر دو گے تو پاؤ گے نہ اُن کو۔ (موتی/ہیرے)

5۔ بس علم کے آکاش.....کے ورق ہیں۔ (رسالوں/کتابوں)

III۔ درج ذیل اشعار میں سے کسی چار اشعار کا مطلب لکھیں۔ (4x2=8)

دور کہیں سے ٹھنڈے ٹھنڈے + تیز ہوا کے جھونکے آئے

کاندھوں پر اپنے وہ اٹھا کر + چھوٹے چھوٹے بادل لائے

اُن کو دیکھ کے اور بھی برسا + نور مسرت کا تاروں سے

کوئی چھپا اور کوئی نکلا + بادل کے اِن انباروں سے

دل میں پرکھا بھلا بُرا اس نے + اور کچھ سوچ کر کہا اُس نے

یوں تو چھوٹی ہے ذات بکری کی + دل کو لگتی ہے بات بکری کی

IV۔ دیے گئے لفظوں کے متضاد لفظ لکھیں۔ (5)

محبت، پھول، آزادی، بڑا، خوشی

V۔ کالم الف کا کالم ب کے ساتھ صحیح جوڑ ملائیں۔ (5)

کالم الف	کالم ب
پیڑ	پھل
پھول	بوٹے
بیل	پودے
ڈھنگ	رنگ
بوٹی	جڑی

VI۔ اپنی نصابی کتاب سے کوئی دو شعر لکھئے جو پرچہ سوالات میں موجود نہ ہوں۔ (4)

VII۔ لفظ "دان" لگا کر کوئی پانچ بامعنی الفاظ لکھئے۔ (5)

VIII۔ صفت کی تعریف لکھئے اور مثال بھی دیجئے۔ (3)

IX۔ سوالات کے دیے گئے انتخابی جوابات میں سے صحیح جواب تلاش کر کے لکھیں۔ (10)

1۔ شیخ سعدی کا اصل نام کیا تھا؟

(A) شیخ ابراہیم (B) شیخ فرید (C) معین الدین (D) مصلح الدین

2۔ گینڈے کا ہتھیار کیا ہوتا ہے؟

(A) سر (B) پیر (C) سینگ (D) منہ

3۔ راجا کے ماتھے پر چوٹ کیسے لگی؟

(A) گولی لگنے سے (B) گرنے سے (C) پتھر لگنے سے (D) لڑائی سے

4۔ بادلوں کو کاندھے پر کون اٹھا کر لایا؟

(A) آندھی (B) طوفان (C) ہوا کے جھونکے (D) بجلی

5۔ کوّے کو اخروٹ کہاں سے ملا؟

(A) جنگل سے (B) گھر سے (C) دکان سے (D) چڑیا کے گھونسلے سے

6۔ "ایک گائے اور بکری" نظم کس نے لکھی ہے؟

(A) حالی نے (B) اقبال نے (C) غالب نے (D) اسماعیل میرٹھی نے

7۔ تالاب میں کتنی مچھلیاں تھیں؟

(A) دو (B) تین (C) چار (D) آٹھ

8۔ برسات کی وجہ سے جنگل کیسا ہو گیا؟

(A) خراب ہو گیا (B) ہرا بھرا ہو گیا (C) پانی بھر گیا (D) سوکھ گیا

9۔ گائے کو کس سے شکایت ہے؟

(A) بکری سے (B) بچے سے (C) بھینس سے (D) آدمی سے

10۔ ابوالکلام آزاد کا یومِ پیدائش کس نام سے منایا جاتا ہے؟

(A) یومِ آزادی (B) یومِ تعلیم (C) یومِ اطفال (D) یومِ جمہوریہ

X۔ اسکول کے پرنسپل کے نام شادی میں شامل ہونے کیلئے تین دن کی چھٹی کی درخواست لکھیں۔

(یا)

اسکول کے پرنسپل کے نام بیماری کی وجہ سے دو دن کی چھٹی کی درخواست لکھیں۔ (10)

XI۔ دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون تحریر کریں (10)

صبح کی سیر میرا دوست عید کا تہوار